# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 19 October 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۱۹؍ اکتوبر ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ بچپن کی شادی کی روک تھام کے قانون کی موثرعمل آوری کی خاطر سپریم کورٹ نے جاری کیے رہنما اُصول

☆ کرم یوگی ہفتہ قومی تعلیمی ہفتے کا آج وزیراعظم کے ہاتھوں افتتاح

☆ مہاوِکاس آگھاڑی نے انتخابی فہرست میں بے ضابطگیوں کے معاملے میں وائٹ پیپر جاری کرنے کا مطالبہ

☆ مراٹھواڑہ گریجویٹ حلقے کے رکن کاوُنسل ستیش چوہان ' راشٹروادی کانگریس پارٹی سے معطل

اور

☆ نیوزی لینڈ کے خلاف پہلے کرکٹ ٹیسٹ میچ میں بھارت125 ؍رنوں سے پیچھے

اب خبریں تفصیل سے...

عدالتِ عظمیٰ نے بچپن کی شادی کی روک تھام کے قانون پر موثرعمل آوری کی خاطر رہنما خطوط جاری کیے ہیں۔ سپریم کورٹ کے چیف جسٹِس ڈی وائی چندر چوڑ ' جسٹِس جے پی پارڈی والا اور جسٹِس منوج مِشرا کی بینچ نے کل اِس خصوص میں ایک کیس کی سماعت کے دوران یہ ہدایت دی۔ عدالت نے وضاحت کی کہ پرسنل لاء کے ذریعے اِس قانون کے نِفاذ میں رُکاوٹیں نہیں کھڑی کی جاسکتیں۔

***** ***** *****

مہا وِکاس آگھاڑی کے قائدین نے الزام عائد کیا ہے کہ بی جے پی اور اُس کے اتحادی انتخابات کے پیش نظر انتخابی فہرستوں میں ہیرا پھیری کی کوشش کر رہے ہیں ۔ اِن قائدین نے مطالبہ کیا ہے کہ الیکشن کمیشن اِن اور دیگر مسائل پر توجہ دے اور انتخابی فہرستوں میں ہونے والی بے ضابطگیوں پر وائٹ پیپر جاری کرے ۔ اِس سلسلے میں اِن قائدین نے ریاست کے چیف الیکشن افسر ایس چوک لِنگم کو خط لکھا ہے جس میں مذکورہ مطالبہ کیا گیا۔ اِس خط پر کانگریس کے ریاستی صدر نانا پٹولے‘ اسمبلی میں حزب اختلاف کے رہنما وِجے وڈیٹی وار کاؤنسل کے اپوزیشن لیڈر امباداس دانوے‘ شیوسینا اُدھوٹھاکرے کے رکن پارلیمان انیل دیسائی این سی پی شرد پوار گروپ کے جتیندر اَوہاڑ کے دستخط ہیں ۔

***** ***** *****

قانون ساز کاؤنسل میں حزب اختلاف کے رہنما امباداس دانوے نے ریاستی حکومت کے خلاف انتخابی کمیشن سے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کی شکایت درج کروائی ہے ۔ اسمبلی انتخابات اور ضابطہ اخلاق کے نفاذ کے اعلان کے باوجود حکومت نے ایک دن میں 259 ؍سرکولر جاری کیے ۔

اِس دوران 27؍کارپوریشنز کے چیئر مین اور نائب چیئر مین کا تقرر بھی کیا گیا۔ دانوے نے کہا کہ یہ ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی ہے۔ انھوں نے مرکزی انتخابی کمشنر اور ریاستی چیف انتخابی افسر کو خط لکھ کر اِس معاملے کی جانچ کی مانگ کی ہے۔

***** ***** *****

نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کل ممبئی میں بھارتیہ جنتا یووا مورچہ کی آئی ڈیاز فار ڈیولپ مہاراشٹر مہم کا آغاز کیا۔ بی جے پی کے ریاستی جنرل سیکریٹری اور یووا مورچہ کے رکن اسمبلی وِکرانت پاٹل نے کہا کہ یہ مہم نوجوانوں کے خیالات اور خواہشات کو جاننے کے لیے شروع کی گئی ہے۔ انھوں نے بتایا کہ اِس مہم کے ذریعے دیڑھ کروڑ تجاویز جمع کرنے کا مقصد ہے اور اِس کے لیے ضلع سطح پر آئندہ 25؍دنوں میں 50؍ہزار سے زیادہ پروگرامس کا انعقاد کیا جائے گا۔ پاٹل نے اِس مہم کے لیے تجاویز بھیجنے کے لیے متعلقہ ویب سائٹ پر وِزٹ کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

کرم یوگی ہفتہ - قومی تعلیمی ہفتے کا آج سے آغاز ہورہا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی آج ساڑھے دس بجے نئی دہلی میں اِس ہفتے کا افتتاح کریں گے ۔سرکاری ملازمین کی تربیت کے لیے منائے جانے والے اِس ہفتے کے دوران ہر ملازم کو اُس کی قابلیت کے مطابق ماہرین کے ویبی نار کے ذریعے کم ازکم 4/ گھنٹے کی ورک ٹریننگ دی جائے گی ۔خبر میں کہا گیا ہے کہ اِس تربیت سے ملازم کو اپنے کام اور عوامی خدمت کے معیار کو بلند کرنے میں آسانی ہوگی ۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ گریجویٹ حلقے سے موجودہ رکن پارلیمان ستیش چوہان کو راشٹروادی کانگریس پارٹی سے 6/ برس کے لیے معطل کر دیا گیا ہے۔ پارٹی کے ریاستی صدر سُنیل تٹکرے نے کل اِس سلسلے میں ایک خط جاری کیا۔انھوں نے کہا کہ جان بوجھ کر پارٹی مخالف موقف اختیار کرنے اور پارٹی ڈسپلین توڑنے کے سبب یہ کارروائی کی گئی ہے ۔

***** ***** *****

مجلس اتحادالمسلمین MIM کے قائد اور سابق رکن پارلیمان اِمتیاز جلیل نے ناندیڑ لوک سبھا حلقے سے ضمنی انتخابات لڑنے کا اِرادہ ظاہر کیا ہے ۔موصوف کل چھترپتی سنبھاجی نگر میں میڈیا سے بات کر رہے تھے ۔انھوں نے کہا کہ پارٹی قائدین اگر حکم دیں تو وہ ناندیڑ حلقے سے انتخابات لڑیں گے۔

وہیں دوسری جانب ایم آئی ایم کے قائد ڈاکٹر عبدالغفار قادری نے اسمبلی انتخاب لڑنے کا اعلان کیا ہے۔وہ کل چھترپتی سنبھاجی نگر میں ایک کارنر میٹنگ سے خطاب کر رہے تھے۔انھوں نے بتایا کہ وہ مہاوِکاس آگھاڑی کی امیدواری حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ۔اِس موقعے پر انھوں نے سابق رکن پارلیمان امتیاز جلیل پر سنگین الزامات عائد کیے۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر ضلع کے سلوڑ تعلقے کے بھارتیہ جنتا پارٹی کے عہدیدار سُریش بنکر، زرعی پیداوار بازار کمیٹی کے ڈپٹی چیئرمین اُرن کالے اور اُن کے ساتھ بی جے پی کے سلوڑ ۔سوئے گاؤں اسمبلی حلقے کے کئی عہدیدارن اور کارکنان نے شیوسینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی میں شمولیت اختیار کر لی ۔ پارٹی سربراہ اور سابق وزیراعلیٰ اُدھو ٹھاکرے نے کل ممبئی میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران شیو بندھن باندھ کر پارٹی میں اُن کا استقبال کیا۔

***** ***** *****

انتخابی فہرست میں ناموں کے اندراج کا آج آخری دن ہے۔ چھترپتی سنبھاجی نگر کے ڈویژنل کمشنر دلیپ گاوڑے نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ انتخابی فہرست میں اپنے ناموں کی جانچ کریں اور نہ پائے جانے پر اندراج کروائیں۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر کے کلکٹر دلیپ سوامی نے نوجوانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ووٹ دینے کی اہمیت کو سمجھیں اور دوسروں کو بھی اِس بارے میں بتائیں۔ سوامی کل دیوگیری کالج میں یوتھ ڈائلوگ پروگرام سے خطاب کر رہے تھے۔ اِس موقع پر طلباء نے رائے دہندگان میں بیداری کی خاطر نغمے پیش کیے۔

***** ***** *****

ناندیڑ کے نیتاجی سُبھاش چندر بوس کالج میں رائے دہندگان میں بیداری کی خاطر پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اِس موقع پر ریٹرننگ آفیسر سچن کھلارے نے نوجوانوں سے تبادلۂ خیال کیا۔

***** ***** *****

لاتور کی ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکُر گھوگے کی زیرِ صدارت ایک میٹنگ میں انتخابات کے دوران مختلف سیاسی جماعتوں اور امیدواروں کی جانب سے انتخابی مہم کے لیے استعمال کی جانے والی اشیاء کی قیمتیں طئے کی گئیں۔ ساتھ ہی انتخابات کے خرچ کو کنٹرول کرنے والے سیل کی جانب سے تیار کردہ ٹیرِف پر بھی بات چیت کی گئی۔

***** ***** *****

انتخابات کے پیش نظر اہلیہ نگر ضلع میں مختلف مقامات پر لگے ہوئے 25 / ہزار اشتہارات ہٹا دیے گئے۔ یہ اطلاع ضابطہ اخلاق کا نفاذ کرنے والے محکمے کی جانب سے دی گئی ہے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع کے حساس اور انتہائی حساس انتخابی مراکز پر پولس کے خصوصی انتظامات کیے جائیں گے۔ ضلع کلکٹر اویناش پاٹھک نے ایک صحافتی کانفرنس میں کل یہ اطلاع دی۔ انھوں نے بتایا کہ گیورائی، ماجل گاؤں، بیڑ شہر، آشٹی، کیج اور پرلی میں 96/انتخابی مراکز کو حساس قرار دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

اسمبلی انتخابات کے پیشِ نظر ریاست کے ایکسائز محکمے نے دھاراشیو ضلع میں مختلف مقامات پر 15/ لاکھ روپیوں کا سامان ضبط کیا ہے اور 88/مقدمات درج کیے ہیں۔ ہمارے نمائندے نے بتایا ہے کہ اِس سلسلے میں 80/افراد کو حراست میں لیا گیا ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے کے قندھار شہر میں رائے دہندگان کو رجھانے کی خاطر تحفے بانٹنے کے معاملے میں نامعلوم شخص کے خلاف ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کا کیس درج کیا گیا ہے۔ تحفے تقسیم کرتے ہوئے اُس شخص کی تصویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی تھی۔ جس کے بعد فلائنگ اسکواڈ نے یہ کارروائی کی۔

***** ***** *****

سامعینِ کرام، اسمبلی انتخابات کی مناسبت سے آڈھا وِدھان سبھا مت دار سنگھا چا'' نامی پروگرام ہر دن شام 7/ بج کر 10/ منٹ پر آکاشوانی سے نشر کیا جائے گا۔ آج ہم اِس پروگرام میں ناسک ضلعے کے اسمبلی حلقوں کا جائزہ سُن یں گے۔

***** ***** *****

بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان بنگلور میں کھیلے جا رہے ٹیسٹ کرکٹ میچ میں بھارت 125/رنوں سے پیچھے ہے۔ نیوزی لینڈ کی ٹیم کل 402/رن بنا کر آل آؤٹ ہوگئی۔ کل جب تیسرے دن کا کھیل ختم ہوا تو بھارتی ٹیم اپنی دوسری اننگ میں 3/وکٹس پر 231/رنز بنا چکی تھی۔ یشسوی جیسوال 35/رن، وِراٹ کوہلی 70/ رن اور روہت شرما 52/رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے۔ جبکہ سرفراز خان 70/رنوں پر کھیل رہے ہیں۔

***** ***** *****

ڈینمارک اوپن بیڈمنٹن کے خواتین کے سنگلز مقابلے میں بھارت کی پی وی سندھو کا چیلنج ختم ہوگیا ہے۔ انھیں کل کوارٹر فائنل میں انڈونیشیاء کی کھلاڑی نے 13 - 12، 21 - 16 اور 9 - 21/ سے شکست دے دی۔

***** ***** *****

آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ بچپن کی شادی کی روک تھام کے قانون کی موثر عمل آوری کی خاطر سپریم کورٹ نے جاری کیے رہنما اُصول

☆ کرم یوگی ہفتہ قومی تعلیمی ہفتے کا آج وزیراعظم کے ہاتھوں افتتاح

☆ مہاوِکاس آگھاڑی نے انتخابی فہرست میں بے ضابطگیوں کے معاملے میں وائٹ پیپر جاری کرنے کا مطالبہ

☆ مراٹھواڑہ گریجویٹ حلقے کے رکن کاؤنسل ستیش چوہان ، راشٹروادی کانگریس پارٹی سے معطل

اور

☆ نیوزی لینڈ کے خلاف پہلے کرکٹ ٹیسٹ میچ میں بھارت 125 / رنوں سے پیچھے

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

☆☆☆